پریس ریلیز

گوجرانوالہ 20 اکتوبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے صدر شیخ فیصل ایوب نے گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کیلئے بڑی خوشخبری ہے کہ بزنس کمیونٹی کا دیرینہ مطالبہ ون ونڈو آپریشن دسمبر تک مکمل طور پر شروع ہونے جا رہا ہے۔ اب کاروباری افراد کو اپنے معاملات کیلئے مختلف اداروں کے چکر نہیں لگانا پڑیں گے الحمداللہ ون ونڈو اپریشن کے تحت بزنس کمیونٹی کو تمام سہولیات ایک جگہ ہی دستیاب ہونگی۔ انہوں نے کہا کہ یہ بزنس کمیونٹی کا دیرینہ مطالبہ تھا جسے وزیراعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی اور صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر سے مکمل فالواپ کر کے ون ونڈو اپریشن سسٹم حاصل کیا گیا ہے۔ ون ونڈو اپریشن میں سوشل سکیورٹی، ای او بی آئی، آئی پی ڈبلیو ایم، ایس ڈی ڈی، پی آئی ای ڈی ایم سی، ایف آئی ڈی ای ایم سی، پی بی آئی ٹی، پسک ودیگر اداروں کو شامل کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم وزیراعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی اور صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایم ایم تنویر کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے گوجرانوالہ چیمبر کے دیرینہ مطالبہ کو عملی اقدامات کر کے یقینی بنایا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے زوم میٹنگ کے دوران کیا ۔میٹنگ میں نائب صدر عادل ندیم بھی شامل تھے جبکہ زوم میٹنگ صوبائی وزیر صنعت وتجارت کی سربراہی میں منعقد ہوئی جس میں سیکریٹری انڈسٹری سمیت تمام اداروں کے سربراہان اور پنجاب کے چھ بڑے چیمبر صدور نے شرکت کی۔ انہوں نے بتایا کہ اس ون ونڈو اپریشن میں جو بورڈ تشکیل دیا گیا ہے اس میں گوجرانوالہ، سیالکوٹ، فیصل آباد، راولپنڈی، لاہور اور ملتان چیمبر کے صدور بورڈ کے ممبر ہونگے جو تمام اداروں کی ورکنگ کو مونیٹر کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ ون ونڈو اپریشن کا یہ ادارہ ہمیشہ کیلئے قائم کر دیا گیا ہے کوئی بھی حکومت آئے اس میں بہتری لا سکے گی البتہ اس کو ختم نہیں کرے گی۔ نیز تمام اداروں کو ایک پورٹل دے دیا گیا ہے اگر کوئی ممبر آن لائن اپنی درخواست جمع کروانا چاہے تو با آسانی کروا سکے گا متعلق اداروں کی تمام معلومات و درکار دستاویزات کے متعلق اداروں کی ویب سائٹس پر موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ کاروباری برادری کا دیرینہ مطالبہ تھا جسے حاصل کر لیا گیا ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ ون ونڈو اپریشن سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کیا جائے۔